## سوال

حلال جانوروں میں حرام اجزاء

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

لاہور سے یحیٰ عزیزڈاہروی نمائندہ خصوصی ہفت روزہ اہلحدیث حلقہ کوٹ رادھا کشن لکھتے ہیں کہ حلال جانوروں میں وہ کون کون سے اجزاء ہیں جو حرام یا مکرو کے درجے میں آتے ہیں ؟اس سلسلہ میں جو احادیث وارد ہیں ان کا سند اور متن کے لحاظ سے کیا درجہ ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

کسی چیز کو لوگوں کے لیے حلال یا حرام کرنے کا اختیار اللہ کے پاس ہے ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ کی حلال کردہ کسی چیز کو اپنے آپ پر حرام کرلیا تو اللہ تعالیٰ نے اس بات پر آپ کا بایں الفاظ نوٹس لیا۔ "اے نبی !جس چیز کو اللہ تعالیٰ نے آپ کے لیے حلال کردیا ہے آپ اسے حرام کیوں کرتے ہیں ؟ (66/التحریم :1)

چونکہ بندوں پر اللہ کی حلال یا حرام کردہ چیزوں کا علم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ ہوتا ہے اس لیے بعض اوقات اس تحلیل و تحریم کی نسبت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف بھی کردی جاتی ہے چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اوصاف قرآن میں بایں الفاظ بیان ہوئے ہیں : "وہ امین اچھی باتوں کا حکم دیتے اور بری باتوں سے منع کر تے ہیں نیز پاکیزہ چیزوں کو حلال اور گندی چیزوں کو ان پر حرام فرماتے ہیں ۔ (7/الاعراف :157)

اس تمہید کے بعد واضح ہوا کہ جو جانور اللہ تعالیٰ نے انسانوں کے لیے حلال کیے ہیں ان کے تمام اجزاء بالعموم حلال ہیں ہاں اگر اللہ خود کسی چیز کو حرام کردے تو الگ بات ہے جیسا کہ حلال جانور کو ذبح کرتے وقت اس کی رگوں سے جو تیزی کے ساتھ خون بہتا ہے جسے دم مسفوح کہا جاتا ہے اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں حرام قرار دیا ہے ارشاد باری تعالیٰ ہے :"آپ کہہ دیجیے کہ جو کچھ احکام بذریعہ وحی میرے پاس آتے ہیں میں تو ان میں کوئی چیز حرام نہیں پاتا مگر یہ کہ مردار ہو یا بہتا ہوا خون یا خنزیر کا گوشت کیوں کہ وہ بالکل ناپاک ہے یا جو شرک کا ذریعہ ہو کہ غیر اللہ کے لیے نامزد کردیا گیا ہو۔ (6/الانعام :145)

اس دم مفسوح کے علاوہ حلال جانور کی کوئی چیز نصاً حرام نہیں ہے لیکن یہ ضروری ہے کہ ہر حلال جانور کا ہر جزو کھانا ضروری ہو اگر کسی حصے کے متعلق دل نہیں چاہتا تو یہ انسان کی اپنی مرضی ہے خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بعض جانوروں کے گوشت کے متعلق اظہار نا پسندیدگی فرمایا لیکن آ کے سامنے ایک ہی دسترؔوان پر بعض صحابہ کرام رضوان اللہ عنہم اجمعین نے اسے تناول فرمایا اس کا مطلب یہ ہے کہ کسی چیز کا ناپسندیدہ ہونا اور بات ہے اور اسے حرام قرار دینا چیزے دیگر است مختصر یہ ہے کہ حلال کجانور کے تمام اجزاء حلال ہیں سوائے ان اجزاء کے کہ جنہیں اللہ تعالیٰ نے حرام قرار دے دیا ہو بعض فقہا نے اس سلسلہ میں کاوش کی ہے کہ حلال جانور کے کچھ اجزاء کو حرام کہا ہے مثلاً : (1)پتہ۔ (2)مثانہ (3)غدود (4)مادہ کی شرمگاہ۔ (5)نر جانور کا عضو مخصوص (6)کپورے (7)بہتا ہوا خون بعض حضرات نے بڑی باریک بینی کے ساتھ کھوج لگا کر مزید

کچھ چیزوں کی بھی فہرست جاری کی ہے

(1)حرام مغز(2)تلی کا خون(3)جگر کا خون(4)دل کا خون(5)پتہ کا پانی(6)ناک کی بلغم(7)آنتیں(8)اوجھڑی ان چیزوں کی حرمت یا کم ازکم کراہت کو ثابت کرنے کےلیے دو چیزوں کو بنیاد بنایا ہے

(1)روایت(2)روایت

## پہلی بنیاد:

روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ذبح شدہ بکری سے سات چیزوں کو مکروہ خیال کرتے تھے پتہ غدود اور بہتا ہوا خون وغیرہ۔

## دوسری بنیاد:

انسانی نفوس ان چیزوں کو خبیث خیال کرتے ہیں لہذا یہ مذکورہ چیزیں حرام یا مکروہ ہیں ان حضرات کے نزدیک عقل و نقل کے اعتبار سے یہ چیزیں ناپسندیدہ اور خبیث ہیں لہذا انہیں حرام ہونا چاہیے اب ہم پہلے روایت کا کھوج لگاتے ہیں اور محدثین کرام کے ہاں ان کا درجہ متعین کرتے ہیں اس روایت کو علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے المعجم الاوسط للطبرانی السنن الکبری للبیہقی اور کامل لا بن عدی کے حوالے سے بیان فرمایا ہے اوراس پر ضعیف ہونے کی علامت بھی ثبت کی ہے علامہ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے ضعیف الجامع الصغیر مین رقم 4619 کے تحت بیان کیا ہے اوراس کے ضعف اور سبب کو بیان کرنے کےلیے الاحادیث الضعیفہ حدیث نمبر 2492 کا حوالہ دیا ہے جو ابھی تک زیور طبع سے آراستہ نہیں ہوئی اگر ہوئی تو راقم کے پاس نہیں ہے تاہم بیہقی کے حوالہ سے اس کی سند کے متعلق مؤلف بیان کرتے ہیں امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو دو سندوں سے بیان کیا ہے پہلی سند منقطع ہے کیوں کہ امام مجاہد اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان کسی ایک راوی کے رہ جانے کی وجہ سے انقطاع آیا ہے امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ اسے بیان کرنے کے بعد خود وضاحت کرتے ہیں کہ اس کی سند منقطع ہے۔(السنن الکبری للبیہیقی :7/10)

پھر ایک دوسری سند سے اس کی روایت بیان کرتے ہیں اس میں انقطاع تو نہیں ہے لیکن ایک دوسری خرابی کی وجہ سے یہ عدم انقطاع مخدوش ہو جاتا ہے اس سند میں ایک راوی عمر بن موسیٰ ہیں جس کے متعلق خود امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ وہ ضعیف کمزور ہے اس کی وجہ سے اس کا موصول ہونا بھی صحیح نہیں رہتا۔(8/10)

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اس کے متعلق فرماتے ہیں کہ یہ منکر الحدیث ہے ابن عدی لکھتے ہیں کہ اسے احادیث وضع کرنے کی عادت تھی امام ابن معین کہتے ہیں کہ یہ ثقہ نہیں ہے۔(میزان لاعتدال 2/224)

اس کا شیخ واصل بن ابی جمیل ہے اس کے متعلق یحیٰی بن معین فرماتے ہیں کہ اس کی کوئی حیثیت نہیں امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ امام مجاہد رحمۃ اللہ علیہ اور محکول سے اوراس سے امام اوزاعی مرسل احادیث بیان کرتے ہیں۔(میزان الاعتدال :4/328)

ان تصریحات کی موجودگی میں سند کے اعتبار سے یہ روایت ناقابل حجت قرار پاتی ہے اب ہم دوسری بنیاد کا جائزہ لیتے ہیں کہ ان چیزوں کو انسانی نفوس خبیث خیال کرتے ہیں اس بنیاد کی بھی کوئی حیثیت نہیں کیوں کہ کسی چیز کو خبیث یا طیب قرار دینا انسانی نفوس کا کام نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کا اختیار ہے اور وہ اپنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کسی چیز کے متعلق خبیث یا طیب ہونے کے متعلق مطلع کرتا ہے۔(واللہ اعلم بالصواب)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

[فتاویٰ اصحاب الحدیث]

## ج1ص458

محدث فتویٰ